Coronary
Ligament
Right
Lobe
Left
Lobe
Falciform
Ligament
Ligamentum
Teres
Gallbladder
©2008 WebMD, LLC.

# جگر (liver)

آج ہم جگر کے بارے میں کچھ بات کرتے ہیں جگر ہمارے جسم کا بڑا اعضاء رئیسہ اور ٹھوس عضو ہے جس کا وزن تقریباً ایک کلو سے ڈیڑھ کلو گرام تک ہوتا ہے جگر ہمارے جسم میں دائیں جانب پیٹ کے اوپر اور پسلیوں کے پیچھے ہوتا ہے.

جگر وہ تمام غذا جو ہم کھاتے ہیں اسے توانائی میں تبدیل کر دیتا ہے جو کہ ہمارے جسم کے لیے بہت ضروری ہوتی ہے

جگر پر تمام قوتوں کا دارومدار ہے جگر میں خرابی ہونے پر خون کے عمدہ نہ بننے اور پوری طرح اعضاء کو نہ پہنچنے کی وجہ سے بدن کی حالت نہایت خراب ہو جاتی ہے جگر ایک نازک عضو ہے جو نہ زیادہ گرمی برداشت کرتاہے اور نہ زیادہ سردی.

# حرارت جگر

مرغن غذائیں مرچ مصالحے دار چیزوں فاسٹ فوڈ تلی ہوئی اشیاء کثرت سے کھانے شراب خوری زیادہ گوشت کا استعمال گرمی میں پھرنے محنت مشقت کثرت جماع اور ورزش نہ کرنے کی وجہ سے جگر کی حرارت بڑھ جاتی ہے بدن میں آگ سی محسوس ہوتی ہے منہ کا ذائقہ کڑوا رہتا ہے پیشاب زردی مائل یا سرخی مائل آتا ہے پاخانہ خشک اور زرد رنگ کا بھوک کم لگتی ہے اور پیاس زیادہ لگتی ہے

جگر کے مقام پر جلن سی محسوس ہوتی ہے ہاتھ پاؤں جلتے ہیں مریض بار بار ہاتھ پاؤں کو پانی سے گیلا کرتا ہے اور نہانے کو دل کرتا ہے.

ان بعض مختلف وجوہات کی بنا پر ضعف جگر ورم جگر جگر کا بڑھ جانا یا سکڑ جانا جیسی بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں

جگر خون صاف کرنے کے ساتھ ساتھ جسم میں تقریباً 500 دوسرے اہم کام بھی انجام دیتا ہے اس وجہ سے جگر کی سوجن سے انسان کی صحت بری طرح متاثر ہوتی ہے جگر کی سوجن کو ہیپاٹائٹس کہتے ہیں.

ہیپاٹائیٹس کی بیماری حد سے زیادہ شراب خوری سے یا پھر مختلف قسم کے زہر سے لگ سکتی ہے

یہ انسانی جسم کا سب سے بڑا اندرونی عضو رئیسہ ہے جگر کی اہمیت یہ۔ہے کہ یہ جگر

جسم میں داخل ہونے والے کیمیائی اور دیگر مادوں کو چھانتا ہے

خون اور کئی لحمیات کے پیدا کرنے میں مدد دیتا ہے

ہاضمے میں مدد دیتا ہے

جگر ایک مضبوط عضو ہے جو کہ اپنے آپ کو خود ٹھیک کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اس کے باوجود وائرسز شراب کیمیائی مادے اور منشیات آپ کے جگر کو نقصان پہنچا سکتے ہیں اور

وہ اپ کے جگر کے کام کرنے کی صلاحیت کو متاثر کر سکتے ہیں

جگر کی حفاظت ضروری ہے کیونکہ کہ اس کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے...!

0307-8162003